23/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں....انور الحق

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سانبہ ، کھٹوعہ ، جموں اور کشمیر کے بیشتر حصوں میں صنعتی انقلاب اس حقیقت کی عکاس ہے کہ جموں کشمیر ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔

انڈسٹریز انڈیا Eveready سانبہ مینکل دو ارب روپے کی سرمایہ کاری سے تیار کئے گئے نئے لمیٹڈ کے نئے صنعتی یونٹ کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ سال 2021میں جموں کشمیر میں شروع کی گئی نئی صنعتی پالیسی کے بہتر نتائج زمینی سط؁ پر عیاں ہیں۔

ملاقات

سنگھ باجوا کی قیادت والا ایک وفد کل لوک بھون جموں S.Tarlok سابق ممبر پارلیمنٹ میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا او ر عوامی نوعیت کے متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

وفود

کئی عوامی وفود نے کل جموں میں وزیر اعلی عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور ترقی و حکمرانی کے عمل سے جڑے معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔ملاقات کرنے والونمیں ممبر پارلیمنٹ سجاد کرگل کے چیف LAHDCاندروال پیارے لال شرما،سابق وزیر عبدالغنی کوہلی،MLAاحمد کچلو ، ایگزیکٹو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر آخون شامل تھے ۔

وزیر اعلیٰ نے انہیں اجاگر کئے گئے معاملات کو حل کرنے کا یقین دلایا۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں ۔ اس حوالے سے پیش ہے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام

کشمیر وی کے بردی نے کہا ہے کہ نشے کی لعنت کا مقابلہ کرنے کےلئے IGPدریں اثنائ پولیس کی طرف سے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیںآکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

IMHANS

دریں اثنا سرینگر میں انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیرو سائنسز کی طرف سے منشیات سے کشمیر IMHANSچھٹکارا پانے والے نوجوانوں کے ساتھ ایک استفساری پروگرام منعقد کیا گیا۔ کے میڈیکل سپر انٹنڈنٹ نے ان نوجوانوں کے عزم اور حوصلے کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ نشے میں مبتلا دیگر نوجوا ن بھی اسی طرح اس لعنت سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔

سرینگرDC

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو کی صدارت میں کشمیر ہاٹ سرینگر میں سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا سے متعلق ایک بڑے بیداری اور رجسٹریشن کیمپ کا انعقاد کیا PM گیا۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ سرینگر ضلعے میں5ہزار سے زائد روپ ٹاپ سولر پینل لگائے گئے ہیں۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے اکشے لابرو نے کہا ۔

حج

سرینگر ہوائی اڈے سے عازمین حج کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جاری ہے ۔ جموں کشمیرسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاکہ اب تک سرینگر سے 16حج پروازوں کے ذریعے 2ہزار301عازمین مدینہ شریف کیلئے روانہ ہوئے ہیں اور عازمین کی روانگی کا سلسلہ 5مئی تک جاری رہے گا ۔

واض رہے کہ اس سال جموں کشمیر حج کمیٹی کی وساطت سے 4ہزار7سو عازمین فریضہ حج اد اکر رہے ہیں ، جبکہ پورے ملک سے حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعے سے 1لاکھ 75ہزار عازمین حج ادا کر رہے ہیں۔

عالمی دن

آج کتابوں اور کاپی رائٹ کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن کتابوں اور کتب بینی کی اہمیت کے ساتھ ساتھ انسانی اذہان کوایک اختراعی سط پر لے جانے میں کتابوں کے رول کو اجا گر کیا جاتاہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ کتابو ں کے پرانے نمونوں کو آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ رکھنے کی

شری گورنمنٹ سکینڈری PM ضرورت کو بھی اجا گر کیا جاتا ہے۔اس دن کی مناسبت سے آج اسکول لہر وال پورہ بانڈی پورہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران واد کے ایک معروف سکالر اور مصنف ڈاکٹر معروف شاہ نے طلباءپر زور دیاکہ وہ کتب بینی کو اپنا شعار بنائیں۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو معیاری تعلیم اور اختراعیت کا ایک اعلیٰ مرکز بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ کل اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں لرننگ کیلئے کلاس روم بلاک کا ای سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے Innovative وزیر موصوفہ نے کہا شعبہ تعلیم کو بلندیوں تک لے جانے کیلئے بنیادی ڈھانچے کو دوام بخشنا وقت کی ضرورت ہے ۔

منڈاویہ

محنت و روزگار اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کل بڈگام ضلعے کے اسپتال کا افتتاح کریں گے جسے بعد میں سو ESIC اومپورہ علاقے میں تیس بستروں والے بستروں تک بھی وسعت دی جا سکتی ہے ۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے سب ڈویژن گریز کے تلیل بلاک کا دورہ کرکے وہاں جاری ترقیاتی کاموں اور لوگوں کو در پیش مسائل کے بار ے میں جانکاری حاصل کی ۔

اس دوران انہوں نے کئی ایک ترقیاتی کاموں کوپورا کرنے کیلئے موقعہ پر ہی منظوری دی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ